تبصرے

مولانا محمد علی کی یاد میں از جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب
تقطیع متوسط، ضخامت ۲۷۰ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت 9/50۔ پتہ: دارالمصنفین اعظم گڈھ یو، پی

جیسا کہ دیباچہ میں ذکر ہے، یہ کتاب مولانا محمد علی جوہر کی نہ مرتب سوانح عمری ہے، اور نہ ان کی زندگی کے کسی خاص پہلو کے متعلق کوئی سوچی سمجھی تالیف ہے، بلکہ فرطِ عقیدت و ارادت و محبت کے جذبہ سے مجبور ہو کر ایک مرتبہ لائق مرتب مولانا پر ایک مضمون لکھنے بیٹھے تو وہ بڑھتا چلا گیا، یہاں تک کہ ایک کتاب بن گیا جو اس وقت زیرِ تبصرہ ہے، اس بنا پر اگرچہ اس میں جامعیت نہیں ہے۔ لیکن مولانا کے بہت سے اہم قومی وملی کارناموں، علمی وادبی کمالات، فضائل اخلاق، دینی جذبات اور عشقِ رسول کے واقعات کا مبسوط ومفصل تذکرہ مستند حوالوں کے ساتھ اس کتاب میں آگیا ہے۔ اور چونکہ لائق مؤلف مؤرخ ہونے کے باوجود نثر میں شاعری کرنے کے عادی اور مولانا محمد علی کی زلفِ گرہ گیر کے اسیر با توقیر ہیں اس لیے اس پوری داستان میں فسانۂ گل وبلبل کا رنگ خود بخود پیدا ہو گیا ہے، اس بنا پر یہ کتاب تاریخی بھی ہے اور ادبی بھی اور اس حیثیت سے مطالعہ کے لائق اور قابلِ قدر ہے۔

غالب مدح وقدح کی روشنی میں از سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب
تقطیع متوسط، ضخامت ۴۴۴ صفحات
قیمت -/15 پتہ دارالمصنفین اعظم گڈھ ــــ غالب صدی تقریبات کے سلسلے میں مرزا غالب